دورۂ تفسیر گروپ ایڈمن کے لئے **پارہ نمبر 1 کے اہم نکات برائے فالواپ**

## سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، ایسا کیوں ہے؟

تکبر توڑنے کے لئے کیونکہ متکبر دل علم حاصل نہیں کرسکتا

اخلاص کے لیے کیونکہ اخلاص کے بغیر عمل قبول نہیں ہوتا

## یہ اللہ کی کتاب ہے اس میں کوئی شک نہیں۔ سورۃ البقرہ کا یہ پہلا سبق کیوں ہے؟

کیونکہ شک کرنے والا کبھی قرآن سے ہدایت نہیں پا سکتا

## انسان دنیا میں اللہ کا خلیفہ ہے، کیوں؟

انسان اللہ کا عبد ہے/ انسان کا بہت قابل تکریم ہے/ اللہ نے آدم علیہ السلام کو تمام نام سکھائے

## قرآن کا نظام خلافت کیا ہے

(i) حاکمیت اللہ تعالی کی ہوگی (ii) بالادستی قرآن وسنت کی

(iii) خلیفہ کا انتخاب ہوگا (iv) معاملات مشاورت سے طے ہوں گے

☆ اللہ حاکم مطلق (بڑا حکمران) ہے

حکمران کا نائب بھی اپنے مالک کے دیئے ہوئے اختیارات کے مطابق وہ حکمران ہوتا ہے

## ابتداء میں بنی اسرائیل کی طویل کہانی کیوں سنائی ؟

.بنی اسرائیل کو امامت سے معزول کیا امت محمدؐ یہ کو امامت سونپی تو خبردار کیا کہ وہ کہاں بھٹکے۔ تمہیں نہیں بھٹکنا

## قرآن پاک میں سب سے زیادہ کون سے گروہ کا ذکر ہے؟

منافقین کا

## مومن سے کیا مراد ہے

پوری دنیا کو امن دینے والے مومن ہوتے ہیں۔

## اقامت صلوۃ سے کیا مراد ہے (نماز قائم کرنا ہے)

نماز کی اقامت دو طرح کی ہے۔

(i) فرض فرائض اور واجبات میں کمی نہ کرے۔

(ii) پورا معاشرہ نماز ادا کرے ایسا نظام قائم ہو گویا کہ اقامت صلوۃ سے اجتماعیت کی تشکیل کا بنیادی تصور دیا

## رب کون ہے؟

(i) جس اللہ نے کائنات کو تخلیق کیا ہے۔ (ii) وہی دوبارہ کائنات کو زندہ کرے گا۔ (iii) وہی نظام کائنات چلا رہا ہے۔

## ہمارے کرنے کے کام۔۔۔ جائزہ لیں

## میں کونسے تکبر میں مبتلا ہوں؟

(i) علم (ii) ذہانت (iii) مال (iv) نسب (v) تجربہ (iv) عقل

## کتاب اللہ کے متعلق کیسے شک کیا جاتا ہے۔

- آج سائنس کا دور ہے۔ آج 14 سو سال پرانا نظام ہے۔ - میرے حالات ہی ناسازگار ہیں - میرا اتنا مضبوط ایمان کہاں؟

## میں اللہ کا نائب ہوں۔

مجھے حکومت کا اہل ہونا ہے۔ اہلیت بڑھانی ہے تقویٰ بڑھانا ہے

## بنی اسرائیل کی بری عادات سے بچنا ہے

وہ ناشکرے تھے۔ دنیا سے محبت رکھتے تھے۔ اطاعت میں حیل و حجت کرتے تھے۔

دورۂ تفسیر گروپ ایڈمن کے لئے پارہ نمبر 2 سیقول کے اہم نکات برائے فالواپ

## 1۔ تحویل قبلہ میں ہمارے لیے کیا رہنمائی ہے؟

۔ تبدیلی امامت کا اعلان ہے

۔ کھرے اور کھوٹے کی پہچان

۔ اطاعت کا مظہر

۔ اللہ کا کرم

## 2۔ نیکی کیا ہے (آیت البر)

(i) اللہ، آخرت، فرشتوں، کتب اور انبیا پر ایمان لانا

(ii) اللہ کی محبت میں مال یتیموں اور مسکینوں پر خرچ کرنا۔

(iii) نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ ادا کرنا۔

(iv) وعدہ پورا کرنا۔

(v) مصیبتوں اور تکلیفوں میں صبر کرنا۔

## 3۔ روزہ اور اعتکاف کا مقصد کیا ہے؟

۔اپنے باطن کی اصلاح کرنا۔

۔ اعلیٰ اخلاق و کردار کا حاصل ہونا۔۔

۔ پھر ان اوصاف کے ذریعے غلبہ دین کیلئے جدوجہد کرنا۔

## 4۔ پورے اسلام میں داخل ہونے سے کیا مراد ہے؟

۔ اسلام بھی پورا ہو۔

۔ دخول بھی پورا ہو

☆ گویا کہ اسلام نام ہے اپنی مرضی سے دستبردار ہونے کا۔

☆ تمام احکامات ربانی پر عمل کرنے کا۔

## 5۔شیطان سے کیوں دشمنی رکھنی ہے؟

۔ اس نے ہمارے والدین کو گمراہ کیا۔

۔ اس نے ہمارے والدین کو ایک دوسرے کے سامنے عریاں کیا۔

۔ اس نے ہمارے والدین کو جنت سے نکلوایا۔

## 6۔شراب کیوں حرام ہے؟

۔ کیونکہ یہ عقل انسانی کو خراب کرتی ہے

## 7۔بچے کا حق کیا ہے؟

۔ تحفظ نسب

۔ دودھ پلانا

۔ اچھی تربیت کرنا۔

## 8۔قیادت کی اہلیت کیا؟

۔ صاحب علم ہو/اپنے شعبہ کا ماہر ہو۔

۔ جسمانی طور پر قوت والا ہو

۔ فکری یکسوئی اور مشن سے وابستگی ہو۔

## ہمارے کرنے کا کام۔۔۔۔جائزہ لیں

۔ اللہ جب اور جو حکم دے اطاعت کرنی ہے

۔آزمائش/ پریشانی کے وقت میں نماز اور صبر سے مدد مانگنی ہے

۔ اللہ کی محبت کے حصول کے لئے راہ خدا میں مال خرچ کرنا ہے۔

۔ اپنے ظاہر کے ساتھ باطن کی اصلاح کرنی ہے۔گویا کہ پورے اسلام میں داخل ہونا ہے۔

دورہ تفسیر گروپ ایڈمن کے لئے پارہ نمبر 3 کے اہم نکات برائے فالواپ

## 1. آیت الکرسی کی فضیلت کا سبب کیا ہے؟

(i) پوری کائنات پر اللہ کی حکمرانی اور اقتدار کا تصور دیتی ہے

(ii) اللہ کی الوہیت قوم عظمت، ابوبیت اور رفعت کا تصور ہے

(iii) توحید یعنی اصولوں کی غلامی سے آزاد ہو کر اللہ کی غلامی میں آنے کا تصور ہے

## 2. دین کے معاملے میں کوئی زبردستی نہیں

۔ جبراً مسلمان نہیں کیا جا سکتا ہے

۔ مسلمان ہونے کے بعد اللہ کے احکام کی پابندی لازم ہے

انسان کی دو حالتیں ہیں

۔اعضاوہی کام کرتے ہیں جس کے وہ پابند ہیں

آنکھ دیکھتی ہے، کان سنتے ہیں، زبان بولتی ہے

لیکن یہ اختیار ہے کہ انسان جو چاہے دیکھے، سنے اور بولے۔

## ☆ ولی کون ہے؟

۔اللہ ولی ہے ہر مومن کا

۔مومنوں کو تاریکیوں سے نکالتا ہے

۔تمام نعمتیں فراوانی سے دیتا ہے

## ☆ طاغوت کسے کہتے ہیں؟

۔ ہر وہ سرکش طاقت جو اللہ کی بندگی سے روکے

## ☆طاغوت کون ہیں؟

شیطان ----- نفس

معاشرہ ----- بیوی بچے

برادری ----- دوست

لیڈر ----- فرعون نمرود

## ☆ انفاق کی شرائط

| | | |
|---|---|---|
| ایمان باللہ | ۔ | اللہ کے لئے |
| احسان نہ جتانا | ۔ | تنگ نہ کرنا اورکھ نہ دینا |
| دکھاوا نہ کرنا | ۔ | اچھی چیز دینا |

## ☆ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی رکاوٹ

۔مفلسی کا خوف

۔ لامتناہی خواہشات کے پورا نہ ہونے کا ڈر

۔مستقبل کے اندیشے

## ☆ تجارت حلال ہے اور سود حرام ہے کیوں؟

۔ اللہ کا حکم ہے ہمیں تسلیم کرنا ہے

## ☆اللہ اور رسول کی اطاعت کیسے کریں؟

۔ قرآن وحدیث پڑھیں، سمجھیں اور اس پر عمل کریں

## ☆انصار اللہ کسے کہتے ہیں؟

۔فرائض اور سنت کی پابندی کے ساتھ جب آپ اللہ
کے دین کو پھیلانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوں تو اللہ آپ کو
اپنا مددگار قرار دیتا ہے

## ☆ قرآن میں دو طرح کی آیات ہیں

محکم ۔ (عقائد اور احکامات)

متشابہات جو ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں

## ہمارے کرنے کے کام۔۔۔۔۔۔۔۔جائزہ لیں

## ☆ حضورؐ اپنی امت کی سفارش کریں گے

☆ ہمیں حضورؐ پر دن رات درود بھیجنا ہے تا کہ حضور پاکؐ
ہماری سفارش کریں

☆ اپنے جسم اور تمام صلاحیتوں کو اللہ کی اطاعت کا پابند کرنا ہے

☆ نفس کے طاغوت کو قابو کرنا ہے

☆ اقامت دین کے لئے ماہانہ ایک مخصوص رقم مختص کرنی ہے

☆ اللہ کے دین کا سپاہی بننا ہے۔